یہ تقسیم ہے مجھ کو بس ناگوار / تری مصلحت کیا ہے اے شہریار
جو نامہ پڑھا تو نے سر بسر / ہوا ولیس اپنے غضبناک تر
لکھا پھر وہیں سلم کو یہ جواب / کہ اے بادشاہ ثریا جناب
ہر ایک بد سے شامل ہمیں / یقیں جانیو تو کہ یکدل ہمیں
ترے ساتھ دل سے ہیں پیوستہ ہوں / پئے قتل ایرج کمر بستہ ہوں
مگر اس نامہ بر کو بھیجے پدر / روانہ کرو اب تو ہے خوب تر
یہ پیغام بھیجو کہ اے بادشاہ / بزرگی و خردی پہ کیجے نگاہ
ہمیں تخت ایران سزاوار ہے / یہ ایرج کو لائق نہ زنہار ہے
رہ راستی پر وہ آجائے گر / تو بہتر ہے ورنہ تیغ و سپر
جب آیا رسول خردمندیاں / کیا سلم نے تب یہ اس سے بیاں
کہے سے فریدوں روانہ ہو تو / یہ پیغام لے جا جہاندار کو
کہو تو پدر اور سے بعد از درود / کہا یوں کہ اب زیر چرخ کبود
ہوا خسروا عقل کو تیرے کیا / کیا دور کیں دل سے ترے خدا
نہیں خوب یہ رسم و آئین راہ / کہ ایرج کو دے تاج و تخت و کلاہ
یہ کر غور دلمیں کہ بہتر ہیں ہم / سزاوار اورنگ و افسر ہیں ہم
ستم ہے جو کہتر کرے بہتری / غضب ہے کہ کمتر کو ہو برتری
کوئی گوشۂ ملک کافی ہے بس / عبث ہے اسے اور باقی ہوس
یہ ہو حق بیاں ایرج کے خوب / کہ ایراں سے اب دست بردار ہو
وگرنہ سواران جو ہائے کیں / دلیران رومی و ترکان چین
شتابی سے سوئے ایران وطن / قیامت کریں ایک برپا وہاں
پھر ایران و ایرج ہوں دونوں خراب / خبر شرط ہے دیجے اس کا جواب
وہاں سے روانہ ہو پیغامبر / جو آیا حضور شہ نامور
در پہ ہی ہوا وہیں سجدہ کناں / رکھا سر کو اپنے سر آستاں
فرستندگاں کی طرف سے دعا / درود اس نے اندر شہ زر و صفا
لگا پوچھنے یوں کہ دونوں ہیں شاد / وہ بولا کہ ہاں تم کو کرتے ہیں یاد
کیا عرض پھر یوں کہ پیغامبر / گر خدا اور زباں سے ہے بے خطر
یہ پیغام شاہا اگر کہہ رہے / یہ لایا پیام ایک دشوار ہے
اگر میری تقصیر ہووے معاف / تو پھر میں گزارش کروں ما فی شغاف
یہ کہنے لگا شاہ عالم پناہ / پیام آوراں ہیں سدا بیگناہ
تو کر ضبط ہر یک بکس پیام / بیاں شوق سے کر حقیقت تمام
کہا جبکہ یہ شاہ آزادہ نے / تو کھولی زباں پھر فرستادہ نے
پیام درشت اور سخنہائے سخت / کہے سب حضور خداوند تخت
فریدوں یہ سنکر ہوا تند گرم / یہ بولا کہ آئی نہیں انکو شرم
کیا بیٹے یکدست تقسیم ملک / کیا تینوں کو یعنی تعلیم ملک
بدی کچھ نہیں بیٹے کی زینہار / فزوں تر کیا عز و جاہ و قرار
جو مجھ سے نہیں تو خدا سے ڈرو / نہ زنہار باہم خرابی کرو
مجھے اب تمنائے تاج و سریر / نہیں کچھ کہ دیکھو ہوا ہیں تو پیر
ذرا گوش دل سے مری سن تو پند / کہ قائم نہیں دور چرخ بلند
رہو راضی اب میری تقسیم پر / لئے کینہ خواہی نہ باندھو کمر
شہ نامور سے یہ سنکر جواب / فرستادہ رخصت ہوا پر شتاب
فریدوں نے ایرج کو کرکے طلب / کہا بھائیوں کا وہ پیغام سب
کہا پھر یہ راز نہفتہ عیاں / کہ پرخاش پر ہیں وہ گردنکشاں
کیا سلم اور طور نے اتفاق / رکھے ہیں ترے ساتھ دونوں نفاق
ارادہ کیا از رہ سرکشی / کہ تجھ پر کریں آکے لشکرکشی
کمر قتل پر تیرے باندھی ہے بس / ترا چھین لیں ملک ہے یہ ہوس
اگر میں بھی تیرا مددگار ہوں / معاون ترا وقت پیکار ہوں
جو سب کے بھی ہو وے مقابل نہیں / وہ گردنکشاں کھینچکر تیغ کیں
وہ ہیں کینہ جو زیر چرخ کہن / تو کیا فکر رکھتا ہے اے جان من
یہ بولا دلیر ایرج نام جو / وہ لائق نہیں ہیں جو شاہ ہو

جہاندار نے پھر کیا یوں بیاں — کہ اے نور چشم سعادت نشاں
تو ہے خرد اور یقیں مجھ میں تاب — جوان سے نبرد آزما ہو شتاب
وہ یکدل ہوئے ہر دو جنگ آوراں — فراہم کیا لشکر بیکراں
پسندیدہ و عقل رائے تمکو — یہی ہے کہ تو صلح جو اُن سے ہو
کہ تا جاں پہ تیری نہ پہنچے گزند — نہ ایمن ہے تیرہ چرخ بلند
سنی گوش جاں سے فریدوں کی پند — لگا کہنے یوں ایرج ارجمند
جو دنیا و دولت نہیں پائدار — تو غم کھائیے کیوں مردم ہوشیار
تو گذرا میں بس تاج و اورنگ سے — بہم صلح بہتر ہے اب جنگ سے
کہ میں خورد ہوں اور وہ ہیں بزرگ — بجاہ و حشم بھی ہیں مجھ سے سترگ
مجھے دہر میں کچھ نہیں حب جاہ — نہیں کچھ تمنائے تاج و کلاہ
یقیں ہے کہ پھر مجھ سے الفت کریں — بزرگانہ مجھ پر وہ شفقت کریں
برادر ہیں تجھ پہ سر خشم و کیں — تو ہے صلح جو اور محبت گزیں
دلے میں بھی اک نامہ انکو لکھوں — رقم جس میں رو درد دل اپنا کروں
مجھے پھر بخوبی وہ رخصت کریں — محبت کریں اور الفت کریں
یہ سنکر فریدوں نے نامہ لکھا — رقم جس میں بھی یہ مضموں لکھا
سر تخت شاہی سے آیا فرود — کلاہ شہی سر سے لایا فرود
تمہیں بھی ہے لازم کہ شفقت کرو — سر کیں سے گذرو محبت کرو
سر نامہ جب شاہ نے مہر کی — تو ایرج نے توران کی پھر راہ لی

تھے اب وہ دونوں برادر بزرگ — ہوئے تجھ سے اب کینہ جو مثل گرگ
مری بھی یہ حالت کہ لب ہیں ہے جاں — کہ ہے ترک شاہی ہوا گو فقیر
یہاں ساتھ انکے نہیں تاب جنگ — نہ فوج اسقدر ہے نہ اسباب جنگ
مری طرح شاہی سے اب درگذر — نہ رکھ دل میں تو خواہش تاج و زر
نہ آرام جاں افسر بندہ ہوا — قلم آخرش شمع کا سر ہوا
کہ زنہار اے شاہ فرخندہ بخت — نہیں کچھ مجھے الفت تاج و تخت
یہ کینہ اگر پھر اور رنگ ہے — لیے بادشاہی اگر جنگ ہے
حضور آپکے جاؤنگا بے سپاہ — نہ وسواس کو دیں دل اپنے راہ
کروں عرض یوں ہنس زباں پر — مبارک تمہیں ہوئے تاج و سریر
مرے ساتھ کس واسطے خشم و کیں — کہ ہوں بندہ خسرو و ہم قریں
فریدوں نے ایرج سے پھر یوں کہا — کہ اے پور صد آفریں مرحبا
بہت خوب جانا ہے تیرا ادہر — کہ دونوں وہ یکجا ہیں اب اے پسر
کہ لب پر ہے انکا دل کینہ ور — سر پہ آ جائے پھر زود تر
تمہیں مجھکو دیدار حاصل ہو پھر — تو ہمکو مسرت مراد ہو پھر
کہ تم ہو بزرگ اے جوانان گرد — اور ایرج تمہارا برادر ہے خرد
کمر اپنی باندھی پئے بندگی — یہ آیا برائے پرستندگی
کئی روز واں جبکہ جائیں گذر — تو پھر اسکو رخصت کرو تم ادہر
لئے اسقدر ساتھ برنا و پیر — کہ تھے واسطے راہ کے ناگزیر

داستان رسیدن ایرج نزد سلم و تور بے فوج برائے عذر و انکسار مع نامۂ پدر خود و قتل نمودن آنہا ایرج را از روئے کین و سرش را نزد فریدوں فرستادن و ماتم نمودن فریدون

شہ روم و توران چین سلم و تور — کہ تھا جنکو جاہ و حشم کا غرور
وہ توراں میں آ کر فراہم ہوئے — پئے خون ایرج وہ باہم ہوئے
فریدوں نے نامہ بھی ہمراہ لکھا — یہ سنکر وہ دونوں گئے پیشوا
ملک زادہ ایرج تھا فرخندہ خو — خردمند و خوش منظر و خوبرو
کہ ہوں بے خطا کشتہ وہ نامدار — سوئے خانہ جانبر نہ ہوں زینہار
کہا تور سے کام ابتر ہوا — کہ ایرج سے دلبستہ لشکر ہوا

وہ رکھتے تھے ایرانکی طرف عزم — وہ تیار کرتے تھے اسباب رزم
خبر انکو پہنچی یہ اتنے میں واں — کہ بے فوج آیا ہے ایرج یہاں
خوشی سے جہاں اسکی تھی بارگاہ — اُسے لیگئے واں وہ با عز و جاہ
مگر اب جو برپا ہوا یہ فساد — تو آئے پھر اس بات پر بدنہاد
اسے فوج پھر سلم نے کی نگاہ — نہ پایا طرف اپنے میل سپاہ
یہاں قصد تھا ملک ایران کا — وسے ایسا ہے اندیشہ توران کا

ہوا قتل ایرج کا اب ناگزیر | وگرنہ نہ ہم ہیں نہ تاج و سریر
بھری آہ اس بات سے تور نے | رکھا خون دا اسکا سر زور سے

گیا وہ سحر دن جو انکے حضور | تو بولا یہ ایرج سے کمبخت تور
کہ اے بے ادب بیہدہ گستر ہے تو | نہ ہرگز سزاوار افسر ہے تو

ہمارا ادب کچھ نہ دکھلائیگا | ہوا ملک ایراں کا تو بادشاہ
خبر دو زیاں ہم تو کھینچیں یہ رنج | ہے تو وہاں شاہ با تاج و گنج

یہ باتیں جو تندی سے اسنے کہیں | تو ایرج نے پاسخ دیا پھر وہیں
کہ اے بادشاہ جہانگیر فرد | بزرگ آپ ہیں ہر طرح میں ہوں خرد

مجھے چاہیے اب نہ تاج و کلاہ | نہ گنج اور نہ کشور نہ فوج و سپاہ
نہیں مجھ پہ لازم ہے تنہا عتاب | کہ ہوں بندۂ شاہ عالیجناب

نہ کرتا تھا عجز اور گفتار نرم | مگر تپ سے ہوتا تھا وہ تند گرم
نہ گفتار ایرج کی بھائی اسے | نہ الفت برادر پہ آئی اسے

سر کرسی زر وہ بیٹھا جو تھا | وہاں سے وہ یکبارگی بس اٹھا
وہ کرسی زر راہ رد خشم و کیں | اٹھا سر سے ایرج کو ماری وہیں

پھر اسکے رکھا دست و بازو پہ بند | گزند برادر بس آیا پسند
بہت کر کے جب زاری و انکسار | لگا کہنے ایرج کہ اے نابکار

نہ کر قتل مجھ کو خدا سے تو ڈر | نہ دے ہاتھ سے پاس شرم پدر
یقیں جانیو تو کہ انجام کار | تجھے رنج پہنچائیگا کردگار

نہ رکھ ملے خون برادر روا | مری جاں پہ رحم کر خسروا
نہیں مجھ کو خواہش سروری | کروں رات دن محنت و چاکری

کیا عجز ایرج نے ہر چند پر | نہ آیا سر رحم بیداد گر
وہیں کھینچکر خنجر آبگوں | کیا اسنے ایرج کو بس غرق خوں

سر نامور کر کے تن سے جدا | حضور فریدوں روانہ کیا
لکھا یوں کہ تو نے جسے اے پدر | دیا تاج و زر تھا یہ اسکا ہے سر

تو رکھ اسکے اب سر پہ تاج شہی | بٹھا اسکو بالائے تخت شہی
فریدوں یہ بیٹھے تھا در انتظار | کہ آوے کہیں ایرج نامدار

کہ اتنے میں نالہ کناں ہر دواں | لئے اسکا تابوت پہنچے وہاں
وہ تابوت کھولا تو آیا نظر | وہ پیچیدہ تھا پرنیاں میں جو سر

فریدوں اسے دیکھ گریاں ہوا | وہ بیچ و سر خاک غلطاں ہوا
ذرا ہوش آیا فریدوں کو جب | وہ بولا کہ ہو دیں سیہ پوش سب

وہیں توڑ ڈالے وہ کوس و علم | فغاں اور نالہ تھا واں دمبدم
بنایا تھا ایرج نے اک گلستاں | سر اسکا کیا دفن لیکر وہاں

اکھاڑے نہالان گلشن تمام | جلائی گل و سرو و سوسن تمام
یہ کہتا تھا گریہ کناں شہریار | کہ افسوس اے گردش روزگار

ہوا کشتہ یوں ایرج نازنیں | کہ سر ہے کہیں اور تن ہے کہیں
ہوا سو ہوا لیکن اے کردگار | ترے فضل سے ہو شہی بیدہ دار

کہ ہو تخم ایرج سے اک نامور | پئے رزم و کیں چست باندھے کمر
یہانتک کہ دل سے ہو دور غم کا بار | سنو اب منوچہر کی داستان

تولد شدن دختر از بطن کنیز ایرج و کتخدا شدن او با پشنگ کہ او ہم از نسل فریدوں بود و تولد شدن منوچہر و کینہ خواہی او

شبستاں میں ایرج کے شاہ جہاں | گیا ایکدن تو یہ پوچھا وہاں
کہ ہے کوئی یاں ماہرو باردار | نشانی ہے جس پر کرم کردگار

کسی نے دیا شاہ کو یہ نوید | کہ ہے حاملہ ایک ماہ آفرید
یہ سنکر بہت خوش ہوا شہریار | کہا یوں کہ اب ہوں میں امیدوار

خدا سے اسے ایک فرخ پسر | کہ لے بدلہ گا اس سے خون پدر
گذر جب گئے نو مہینے وہاں | تو پیدا ہوئی دختر دلستاں

وہ تھی حسن میں ایک ماہ تمام | فریدوں نے رکھا پری چہرہ نام
کیا پرورش ناز و نعمت کے ساتھ | پھر کتخدا ہم قریں اسکو کیا

جواں دلاور پشنگ ایک تھا | اسی سے ساتھ اسکے کیا کتخدا
فریدوں کی نسل سے تھا وہ جواں | ہنرمند و دانشور و پہلواں

ہوئی حاملہ جب وہ رشک قمر
تو اس سے تولد ہوا اک پسر

ملکزادہ ایرج کی ہمشکل تھا
منوچہر نام اسکا شہ نے رکھا

بہت شاہ کو شادمانی ہوئی
پسر تو اسے زندگانی ہوئی

وہ لایا بجا شکر پروردگار
دعا مانگتا تھا یہ لیل و نہار

کہ جب تک فلک پر مہ و مہر ہو
الٰہی جہاں میں منوچہر ہو

رہے اسکا اقبال دائم بلند
نہ پہنچے ذرا چشم بد سے گزند

ہوا وہ جواں وہ منوچہر جب
ہنر پہلوانی کے سکھلائے سب

سکھلائے سب آئین و رسم شہی
پھر اسکے رکھا سر پہ تاج شہی

کہا یوں نظر کر کے سوئے سپاہ
تمہارا منوچہر ہے پادشاہ

منوچہر کی تم اطاعت کرو
دل و جان سے تم اسکی خدمت کرو

در گنج شاہی کشادہ کیا
سپہ کو زر و سیم و گوہر دیا

فراہم ہوا لشکر بے شمار
دلیران جنگی و مردان کار

منوچہر سے مردمان سپاہ
گزارش یہ کرتے تھے شام و پگاہ

کہ عزم عدم سوزی اب کیجئے
شتابی سے ایرج کا خوں لیجئے

جو پہنچی خبر سلم اور طور کو
منوچہر ہے مرد پیکار جو

قوی بازو و پہلوان و دلیر
حضور اسکے روباہ سی کم ہے شیر

فریدوں یہ رکھتا ہے انبوہ جزم
کہ بھیجے اسے اس طرف بہر رزم

یہ سنکر بہت دل میں لائے ہراس
پریشاں ہوئے انکے ہوش و حواس

کہا مشورہ یوں کہ گنج و گہر
رواں کیجئے اب بہ سوئے پدر

منوچہر کو اب طلب کیجئے یہاں
یہ لکھئے کہ اے بادشاہ جہاں

عوض خون ایرج کے دیتے ہیں ہم
اسے گوہر و گنج و تاج و علم

غرض بار زر و گنج بھیجا رسول
کہ شاید فریدوں کرے یہ قبول

حضور فریدوں وہ پیغامبر
جو پہنچا تو رکھ کر وہ سر خاک پر

دعا و ثنا کر کی شہنشاہ کی
کہ اے مہر رخشندہ خسروی

گئے جا وہاں عالم افروز تو
ہمیشہ کرے جشن نوروز تو

وہ تحفے جو لایا تھا پھر اسنے سب
رکھے شہ کے آگے بصد طرب

زر و لعل اور گوہر شاہوار
سریر زر و تاج گوہر نگار

وہ دیبائے رومی و خز و حریر
وہ زریں طبقہائے مشک و عبیر

وہ پیلاں محمولہ دیہیم و زر
حضور جہاندار گذران کر

کہا سلم اور تور کا یہ پیام
کہ بھیجے ہیں ہم اے شہ نیکنام

کیا ہمکو گمراہ شیطاں نے آہ
جو سرزد ہوا ہم سے ایسا گناہ

خجالت زدہ ہم ہیں تقصیر سے
ولیکن ہیں ناچار تقدیر سے

اگرچہ ہیں ہم تو سراپا خطا
وے تو خطا بخش ہے خسروا

ہماری یہ تقصیر ہووے معاف
کرو کینہ سے اپنے سینہ کو صاف

تمنا یہ ہے اپنی شام و سحر
سو خاور آئے منوچہر اگر

تو ہو تخت شاہی پہ جلوہ کناں
ہم اسکی کریں چاکری جاوداں

رکھیں اسکے تارک پہ دیہیم زر
کریں پیشکش اسکے گنج و گہر

فریدوں نے دیکھا جو تحفہ تمام
سنا اور یوں سرکشوں کا پیام

بلایا منوچہر کو تب وہیں
بٹھا یا سریر کے گوہریں

کہا یوں کہ اے پور فرخ خصال
تحفے ہیں سعید اور مبارک یہ فال

نظر کر تہ گنبد نیلگوں
ہوئے تیرے بدخواہ یکسر زبوں

پھر آیا وہ شاہ سوئے پیغامبر
ہوا خندہ زن اسکی گفتار پر

دیا اس کو پیغام کا یوں جواب
کہا ہر دو ناپاک سے کہ شتاب

ہوئے گر منوچہر پہ مہرباں
تن ایرج نامور ہے کہاں

ستمگر نے اب بیگناہ و خطا
کیا قصد خون منوچہر کا

منوچہر رکھ سر پہ خود و کلاہ
سو خاور آویگا لیکر سپاہ

وہ سام نریماں وہ قارن ہژبر
وہ کاوہ کہ ہے جنگجو مثل شیر

وہ گرشاسپ شاپور شیر و یل
کہیں پہلوانی میں سب بے بدل

یہ مردان جنگ آور پہلواں
منوچہر کے ساتھ پہنچیں گے واں

جنہیں زر سے دیتے ہو تم کیا فریب
یہ مکاری ہے سب تمہارا فریب

یہاں خواہش زر نہیں زینہار
نہیں چاہئے گوہر شاہوار

تو سب پھیر بھیجا یہ گنج و رسول
کہ ہرگز ہمیں کچھ نہیں ہے قبول

کیا عذر جو نابکاروں نے اب
نہیں ہے کا بیٹی بیجا ہے سب

ستم ساتھ ایرج کے جو کچھ کیا
سو اسکا مکافات دیگا خدا

گیا اس جہاں سے وہ ایرج اگر | تو پیدا ہوا اور اک نامور
گر ایرج نہیں تو منوچہر ہے | فروزندہ مثل مہ و مہر ہے

دلیر و قوی چوں ہژبر ژیاں | ہژبر آزما مثل شیر ژیاں
کمر چست باندھی پئے کارزار | پچھوڑے وہ ایرج کا خوں [illegible]

یہ پیغامبر نے جواب پیام | سنا جب تو ہوش اڑ گئے بس تمام
ذرا ایکدم بھر نہ ٹھہرا وہاں | ہوا بس وہیں سے وہ خاور رواں

غرض تیز رو مثل باد صبا | جہاں سلم اور تور تھے واں گیا
وہ پاسخ جو تھا اُس کا خوں بار | کیا سلم اور طور سے آشکار

کہا پھر کہ بیٹے منوچہر کو | جو دیکھا تو ہے سرور پیکار جو
جوانمرد شیر افگن و پیلتن | یل نوجواں گرد شمشیر زن

اور اسکے جو لشکر میں ہیں پہلوان | قوی زور ہیں مثل پیل دمان
ہژبر آزما پھر جوانمرد ہے | طلبگار پیکار ہونا ورد ہے

وہ دونوں جفا کار بیدادگر | ہوئے سنکے پاسخ بہت پرخطر
پھر آراستہ ایک کی انجمن | پئے کینہ خواہی بھئے سب رائے زن

یہ بولے کہ چرخ فریبندہ رنگ | کہ ہم گر نہ پہلے کریں قصد جنگ
مبادا منوچہر ہووے دلیر | شتابی ادھر آئے مانند شیر

یہی مصلحت ہے کہ لیکر سپاہ | چلیں ہم بسوئے منوچہر شاہ
کریں چلکے ایران پہ ہم اسسے جنگ | نہیں خوب ساعت میں کچھ درنگ

جنگ منوچہر با سلم و تور و فتح یافتن منوچہر و نشستن بر تخت و وفات فریدون

کیا سلم اور طور نے جب یہ عزم | کہ جا کر منوچہر سے کیجیے رزم
فراہم کیا لشکر بے شمار | یلان تنومند جنگی سوار

بعزمِ شب خوں وہ آیا عدو پر — خبردار پائی سپاہِ سپہر
ولیکن نہ زنہار پایا گزار — ہوا گرم ہنگامۂ کارزار
یہ پہنچی خبر جب منوچہر کو — کمیں گاہ سے تب شہِ نامجو
جہاں تور بدکیش تھا رزم ساز — دلیرانہ پہنچا بہ نیزہ باز
اٹھایا وہیں اُس کو بس زین سے — گرایا زمیں پر سرِ کین سے
ہوا شاہ تور پر جب فتحیاب — سو پھر سلم آیا اُدھر سے شتاب
گیا بھاگ کر در بیابان حصار — ہوا جا کے محصور وہ نابکار
نگہبان وہ شہ کا کو اک گرد تھا — دلیر و جوانمرد و جنگ آزما
پھر اک گرز مارا بہت زور سے — کمر پر منوچہر کے آن کے
ولیکن نہ زنہار کاری پڑی — ہوا شہ غضبناک پھر اس گھڑی
تن اُسکا کیا تیغ سے چاک چاک — سپہدار کا کو ہوا یوں ہلاک
ہوئی خیمہ زن فوج گردِ حصار — نہ تھا قلعہ میں پھر صبا کا گذار
منوچہر نے اُسکو بھیجا پیام — کہ مدت تیری ترکی ہوئی اتمام
اگر شیر دل ہے تو اے پہلواں — تو مت جا نکلے اپنی مثل سگاں
یہ سنکر اُسے غیرت آئی دوبار — وہ بغیرت سرِ رزم لائی وہیں
منوچہر شاہ ولایت ستاں — مقابل ہوا لیکے تیغ و سناں
شہِ روم و خاور ہوئے کشتہ جب — ہوا لشکر ان کا پراگندہ سب
کیا عرض مت کھینچئے تیغ کیں — غریب ہیں اُسے شاہ روئے زمیں
وزیر خردمند رخصت ہوا — کہ مشمول لطف و عنایت ہوا
شہنشہ نے سب پر بلطف و خوشی — عنایاتِ شاہانہ مصروف کی
ظفر جب ہوئی شہ کی ہمعناں — ہوا تب عناں تاب شاہِ جہاں
پیادہ ہوا واں منوچہر بھی — کیا پھر قدم بوس باصد خوشی
بٹھایا منوچہر کو تخت پر — رکھا اُسکے تارک پہ دیہیم زر
جہاں سے ہو نہیں فرقتی آجکل — کہ آگاہ ہے ہر دم پیامِ اجل
پھر آخر فریدوں جہاں سے گیا — وہ سرو سہی گلستاں سے گیا
ہوا پھر بفضلِ خدائے کریم — منوچہر بھی بادشاہِ عظیم
کیا سام کو اپنا مختار کار — کہ تھا کاردان وہ یلِ نامدار

بناچار چاہا کہ پھر جائے — طرف اپنی لشکر کہیں آئے
ہوئی وقت شب تیغ رانی وہاں — ہوئے غرق خوں بہتر از صد جواں
شتابی سے پہنچا سوے رزمگاہ — کئے قتل آکر بہت کینہ خواہ
جو اک تیر مارا پسِ پشت تور — تو قالب سے اُسکے ہوئی جان دور
جدا تیغ سے کرکے سر تور کا — حضورِ فریدوں روانہ کیا
نہ پائی وہاں سلم نے تاب جنگ — گریزاں وہاں سے ہوا بیدرنگ
منوچہر بھی سوئے حصنِ متین — گیا لیکے فوج اور گھیرا وہیں
سوے رزم پیغاش مائل ہوا — منوچہر کے وہ مقابل ہوا
منوچہر نے کھینچ کر وہیں تیغ — لگائی سرِ خصم پہ بے دریغ
کمربند اُس کا پکڑ کین سے — سرِ خاک پٹکا اُسے زین سے
لگا کہنے پھر شاہ فیروز جنگ — کروں قلعہ کو گھیر کر خوب تنگ
رہا سلم مدت تلک قلعہ بند — ہوا تنگ زیرِ سپہرِ بلند
ملا دونگا تجھکو بہ خوں خاک — بنامردی آخر تو ہوگا ہلاک
مقابل ہے آکے اب ہو شتاب — خدا جسکو چاہے کرے فتحیاب
نکل قلعہ سے سلم جنگی سوار — دلیرانہ آیا پئے کارزار
کیا زخم شمشیر اُس پر روا — کہ تن سے ہوا سلم کا سر جدا
سپہدار خاور کا تھا اک وزیر — وہ آیا حضورِ شہِ بے نظیر
سرِ رحم آیا وہیں شہریار — کیا اُسنے پیمان و عہد استوار
غرض سلم اور تور کی فوج کو — وہ لایا حضورِ شہِ نامجو
جو تھا منصب اُسکا وہ قائم رکھا — زیادہ کیا بلکہ کچھ مرتبہ
جو نزدیک پہنچا وہ کشور کشا — فریدوں پیادہ گیا پیشوا
جب آیا وہ ایران شاہی میں تب — فریدوں نے باصد نشاط و طرب
کہا پھر یہ سام و نریمان سے — کہ اپنے نبیرے کو سونپا تجھے
بہت پند کی پھر منوچہر کو — دعا دی کہ قائم جہاں میں تو ہو
فریدوں جہاندار اب ہے کہاں — ولے نام نیکی ہے جاوداں
بسانِ فریدوں کیا عدل عام — رکھا لطف و احساں سے سب کو شاد
سپاہ امیران و فرزانگان — ہوئے سب ثنا خوان شاہِ جہاں

یہ کہتے تھے پر شام و ہر بامداد
کہ ہو اے جہاندار فرخ نہاد
ترے جان و دل سے ہیں صد منتگزار
کریں چاکری تیری لیل و نہار

جہاں میں تو فرمانروا ہو سدا
یہی آرزو ہے یہی ہے دعا
لکھوں زال و رستم کی اب داستاں
کہ سنکر جسے پیر بھی ہوں جواں

داستان تولد شدن پسر بخانہ سام و پرورش نمودن سیمرغ و نام نہادن زال و باز آمدن بسیستان

شبستاں میں سام کے اک پسر
تولد ہوا گلرخ و سیمبر
سفید اسکے اندام پر مو تمام
گئی دایہ یہ دیکھکر پیش سام

یہ کہنے لگی تجھ کو اے نامور
خدا نے دیا بچہ اک طرفہ تر
کہ ہے وہ حسین سرو قد لالہ رو
ولے شل قطار اسکے یکسر ہیں مو

وہیں سام نے آکے دیکھا اسے
ہوا خوف اندیشہ پیدا اسے
رکھا اسکا نا تھا پنے نام زال
تعجب تھا صورت پہ آگی کمال

یہ کہتے تھے واں ہر زباں خاص و عام
کہ ہے طفل ہرگز نہیں پور سام
پریزاد یا دیو ہے یہ پلنگ
یہ خلقت ہو انسانکی بیڈھنگ

یہ سنکر ہوا سام جی شرمگیں
اٹھا لیگیا زال کو لیں وہیں
سوئے کوہ البرز ڈالا اسے
شبستاں سے اپنے نکالا اسے

مکاں واں جو تھا ایک سیمرغ کا
لیکا یک وہ سیمرغ ادھر آگیا
جو دیکھا تو اک کودک شیرخوار
پڑا ہے سر خاک روتا ہے زار

ہوا مہرباں رحم آیا اسے
اٹھا آشیانے میں لایا اسے
طرح اپنے بچوں کے باصد خوشی
لگا پرورش کرنے زال کی

نہ سیمرغ کو صرف الفت ہوئی
کہ بچوں کی بھی اک محبت ہوئی
وہ رہتے تھے باہم شب و روز شاد
ہوا نوجواں پھر وہ فرخ نہاد

کوئی کارواں اتفاقاً ادھر
جو گذرا تو شاداں ہوا دیکھکر
وہ سیمرغ سے زال کو لے گیا
محبت سے ساتھ اسکو اپنے کیا

یہاں سام کو خواب آیا نظر
یہ کہتا ہے کوئی کہ اے نامور
ترا پور زندہ ہے اور شاد ہے
جہاں میں بخوبی وہ آباد ہے

ہوا جبکہ بیدار وہ پہلواں
تو پھر دل میں اپنے ہوا شادماں
ہوئی تازہ تر الفت و مہر پور
کہ ہے پور دلبند آنکھوں کا نور

خوشی سے پھر اسکی خبر کیلئے
رواں سوئے البرز مردم کئے
پھر اک خواب دیکھا بروز دگر
نظر آئے وہ مرد فرخ سیر

کہا ایک نے یہ کہ اے بیشعور
کیا تونے خوف خدا دل سے دور
رکھا دور آنکھوں سے فرزند کو
کیا خوار یوں پور دلبند کو

سپید اسکے مو ہیں اگر سر بسر
تو کیا عیب ہے اک نظر آپ کر
کہ تیرا بھی اب ریش سر ریش ہے
تو ناحق پسر کا بد اندیش ہے

نظر میں ترے گو ہو فرزند خوار
مقرب ہے وہ پیش پروردگار
سر خرم ہوا دیکھکر بس یہ خواب
نہ دل میں رہی کچھ صبوری کی تاب

ہوا صبحدم سام گھر سے رواں
سو کوہ البرز آیا دواں
خدا سے وہاں اسنے کی التجا
بہت زاری و گریہ کرکے کہا

الٰہی مرے حال پر رحم کر
کہ پھر پاؤں میں جلد اپنا پسر
پذیرا ہوئی اسکی یکسر دعا
ہوا حال پر اسکے لطف خدا

نظر کی جو سیمرغ نے ناگہاں
تو دیکھا کہ ہے سام گریہ کناں
وہ سیمرغ آیا وہیں پیش سام
سنا قصہ خواب اس نے تمام

یہ سیمرغ نے سام سے پھر کہا
کہ دایہ ہوں میں تیرے فرزند کا
بہت عاجزی سام نے اسکی کی
گیا پاس وہ کارواں کے تبھی

کیا زال کو کارواں سے طلب
حوالہ کیا اس نے باصد طرب
پھر اڑ کے سیمرغ لے زال کو
لے آیا حضور یل نامجو

کہا یوں کہ لیجے یہ اپنا پسر
یہ ہے لائق تاج و اورنگ و زر
کہا پھر یل سام خرم وہیں
لگا کرنے سیمرغ کو آفریں

دیئے اپنے سیمرغ نے چند پر
کہا زال سے یوں کہ اے نامور
جو مشکل کوئی پیش آئے تجھے
تو پر کو جلا یاد کیجو مجھے

شتابی سے پہنچوں وہاں آنکر
تری مشکل آساں کروں سربسر
بھری ہوئی ہے دلمیں الفت تیری
زیادہ ہے مجھکو محبت تیری

مقابل ہوا کوتوال حصار ہوئی گرم واں آتش کارزار
بشمشیر و گرز و سنان و خدنگ رہا صبح تک گرم بازار جنگ
ہوا کشتہ آخر جو سردار دژ گریزاں ہوئے سب نگہدار دژ
ولیکن نے تاراج دژ کو کیا بہت مال و اسباب واں سے لیا
عجب خوبتر واں کی اجناس تھی کہ دیکھی نہ تھی مردماں نے کبھی
کیا پھر وہاں رستم نامدار سو خانہ حکمران حصار
جو دیکھا کہ ہے سنگ خارا کا گھر اسی کی ہے بنیاد بھی سر بسر
سوا لگے اک گنبد زر نگار بصد لطف و خوبی ہے شایاں بہا
یہ کہتے تھے یوں یکبیک پہلوان کہ یہ کام انساں نہیں بیگمان
لکھا نامہ رستم نے پھر زال کو کہ اے نامدار نکو نام جو
کیا فتح میں نے یہ حصن حصین کہ ہمسر نہیں جسکا چرخ برین
جو ارشاد ہو سو بجا لاؤں میں رہوں یا یہاں یا ادھر آؤں میں
یہ نامہ پڑھا زال نے جب تمام دل اسکا ہوا خرم و شادکام
یہ پاسخ لکھا اے خردمند پور رہے چشم بد تجھ سے ہر لحظہ دور
کیا تو نے تسخیر حصن متین ہزار آفرین صد ہزار آفرین
فضا و لکو تیرے نہ گلشن کیا روان نریماں کو روشن کیا
لگا آگ بالا کو کر خراب ولیکن تو پھر جلد کر اشتاب
کہ دیدار کا ہے ترے اشتیاق جدائی ہے تیری بہت مجھکو شاق
جو پہنچا یہ نامہ تو وہ پہلوان روانہ ہوا جانب سیستان
گیا زال با صد طرب پیشوا بصد شوق اسکو بغل میں لیا
ہوا شاد رستم کو وہ دیکھکر نثار اس کے سر پر کیا سیم و زر
سو سام رستم نے نامہ لکھا رقم مژدۂ فتح و نصرت کیا
غرض سام نے جب وہ نامہ پڑھا تو پھر شوق سے چشم و سر پر رکھا
اسے اس قدر شادمانی ہوئی کہ پھر تازہ گویا جوانی ہوئی
سنا کارنامہ یہ رستم کا جب ہوئی اہل ایران قریب طرب
ہوا دل پہ پھر ایک امید وار کہ سارے بداندیش ہونگے خوار
سو قصۂ منوچہر آتا ہوں پھر یہ باقی بھی قصہ سناتا ہوں پھر

داستان نشستن نوذر بر تخت منوچہر پدر خود و وصیت کردن منوچہر اورا

جو گذرے تھے شاہی میں صد بیست سال تو آخر شناسان صاحب کمال
لگے کہنے شاہ منوچہر کو کہ اے شاہ دانشور نامجو
تو پیری آئی اب تیرے جانے کے دن بسر ہو گئے سب خلافت کے دن
یہ سنکر جہاندار کشور کشا طلب کر کے نوذر کو کہنے لگا
کہ میں ہوں کمر بستہ سوئے عدم مبارک تجھے تخت و تاج و علم
تو مت چھوڑیو رسم آئین و داد رعیت کو رکھنا تو آباد و شاد
سو حق پرستی پہ رہیو مدام نہ غیر از رہ راستی رکھیو کام
جہاں میں ہوئی تازہ اک داوری ہوئی نام موسیٰ کے پیغمبری
وہ پیدا ہوا ہے شہ و زمن کیا خلق نے اختیار اسکا دین
وہ ہے مرسل پاک یزدان پاک کیا اسنے فرعون کو اب ہلاک
تو مت ہو جدا اس سے جا پیش جو قبول اسکے اب کیجیو دین کو
تجھے پیش ہے اک مہم عظیم ترے اہل توران ہیں سارے لئیم
رہ کینہ خواہی سے پر تنگ کرے قصد تیری طرف بہر جنگ
بچے ہاتھ سے اسکے پہنچے گزند تو عاجز ہو لیس زبیب عج بلند
پشنگ و پسر دارہ سرکشی کرے جب بد اندیش لشکر کشی
خبر بھیجیو سام اور زال کو کمک چاہیو اسنے اے نامجو
پل نوجوان بیٹا فرزند زال نہیں پہلواں کوئی جسکی مثال
وہ اس خاندان کا ہو خدمتگذار کرے یاوری آکے پیل و سوار
منوچہر کرتا تھا جبتک بیاں ادھر زادہ نوذر تھا گریہ کناں
نہ کچھ اندنوں شاہ بیمار تھا نہ کچھ درد تھا اور نہ آزار تھا
یکایک ہوا خسرو سرفراز اگرچہ تھا بیمار سے جاں گداز
نہ بیان پہ ہوا پھر تسلے نظیر جہاں سے گذر گیا تا کہ پیر

جلوس نوذر بر تخت سلطنت ایران

منوچہر کے بعد با کر و فر
سر تخت نوذر ہوا جلوہ گر

رکھا سر پہ دیہیم شاہنشہی
ہوا مسند آرائے فرماندہی

نہ داد و دہش کی نہ انصاف و داد
نہ غفلت بجز رو ستم دل نہاد

ہوا ایک عالم ہی اس سے بیزار سب
ہوئے منحرف بلکہ سر تا ادب

ستمگار تھے جبکہ دیکھا یہ حال
ہوا اپنے دلمیں ہراساں کمال

کیے وقت رحلت کی کرتا تھا یاد
منوچہر شاہ خجستہ نہاد

ہوئی سلطنت اندنوں کچھ خراب
یہاں آپ کو اب تو پہونچا شتاب

ادھر تو یہ نامہ لکھا اور ادھر
ستمدیدگاں پہونچے واں پیشتر

پھر اتنے میں نامہ گیا شاہ کا
تاسف بہت پہلوان نے کیا

جو نزدیک پہونچا یل نیکنام
بزرگان ایران گئے پیش سام

تو بیٹھ اب سر تخت فرماندہی
تو رکھ اپنے سر پر کلاہ مہی

یہ لایا زباں پر یل ارجمند
خدا کے یہ نزدیک کب ہے پسند

منوچہر کی دخت ہوتی اگر
سر تخت شاہنشہی جلوہ گر

جو نوذر نے پیشہ لیا ظلم کا
تو امی نامداران ہو اندیشہ کیا

نہ ہو منحرف اس سے تم زینہار
کرو چاکری اس کی لیل و نہار

کیا شاہ نے سب کو گرویدہ پھر
رہا کوئی بھی واں نہ رنجیدہ پھر

ولیکن منوچہر کی رسم پر
نہ قائم رہا خسرو نامور

ہوئی بند یکسر مروت کی راہ
ہوا بند سیم و زر بادشاہ

لکھا بادشاہان اطراف کو
کہ آؤ ادھر اور یہ ملک لو

سوئے سام نامہ کیا اک رواں
لکھا یہ کہ اے پہلوان جہاں

زباں پر تماشہ کیے ہی بار بار
کرو کچھ شرافت سے سام سوار

وگرنہ یہ پھر تخت شاہی نہیں
بد اندیش ہو اور ایران زمیں

گئے تھے جو نوذر نے بیداد دوں
گئے سام سے جا کے یکسر بیاں

روانہ ہوا نامداراں سے وہیں
شتاباں ہوا سوئے ایران زمیں

گزارش کیا کہ اے نامور
جہاندار نوذر ہے بیداد گر

گرفتار کر شاہ نوذر کو اب
اطاعت کریں سب کے ہم تیری سب

کہ نوذر نژاد کیاں سے ہے یاں
اسے قید کر ہوں میں شاہ جہاں

کمر باندھتا ہیں پئے چاکری
شب و روز کرتا ہیں فرمانبری

اسے باز لاؤ نکالو اس طرف سے
کروں تازہ پیمان شہنشاہ سے

یہ کہکر گیا پیش شاہ جہاں
جھکایا سر عجز چوں بندگاں

سنو آگے احوال پور پشنگ
کہ نوذر سے آ کے ہوا گرم جنگ

جنگ افراسیاب پسر پشنگ با نوذر و فتح یافتن و نشستن بر تخت

پشنگ ایک مرد نبرد آزما
سپہدار اقلیم توران کا تھا

پسر ایک تھا اسکا افراسیاب
کہ ہیبت سے جسکی ہو خارا بھی آب

پشنگ اس سے کہنے لگا ایک روز
کہ اے پور خوش طالع و نیک روز

شتاباں ہو تا غیرت رکھ روا
کہ لینا ہے خون سلم اور تور کا

ہوا مستعد خاطر سے رزم کیں
یہ پاسخ دیا باپ کو بس وہیں

کروں جا کے سالار ایراں سے جنگ
کروں ملک تسخیر سب بے درنگ

پھر افراسیاب اس سے بولا یہ پھر
کہ ہرچند نوذر دلاور نہیں

اور اپنے پے گردان لشکر تمام
نہیں ہے سر قارن و زال و سام

پہ بولا پشنگ اے خردمند پور
یہ گفتار ہے عقل و دانش سے دور

سرفراز تھا نسل سے تور کی
اسے جنگ نوذر سے منظور تھی

یل زور مند و دلیر و جوان
نہ تھا اوسکا ہمسر کوئی پہلوان

رواں سوئے ایراں ہو لیکر سپاہ
تو نوذر سے اب جا کے ہو کینہ خواہ

جو قصہ سنا یہ تو افراسیاب
گیا بھول آسائش و خورد و خواب

کہ شائستہ جنگ شیراں ہوں میں
سزاوار رزم دلیراں ہوں میں

یہ سنکر ہوا خرم و شاد وہ
ہوا بند سے غم کے آزاد وہ

ولیکن منوچہر کے پہلوان
حضور اسکے حاضر ہیں یکسر یہاں

نہیں خوب ہے اندنوں عزم جنگ
یہی مصلحت ہے کہ کیجے درنگ

یہی وقت ہے جا کے لے انتقام
شتابی سے کر کار نوذر تمام

یہ سنکر سپہدار افراسیاب
روانہ ہوا سوئے ایران شتاب
جوانان شمشیر زن سے ہزار
جوانمرد و شائستۂ کارزار

بشمشیر و گرز و سنان و خدنگ
کمر جست باندھی ہوئے بہر جنگ
خزروان ہماساس و پہلوان
سپہ کے تھے سالار با فر و شان

سپہدار کو پھر یہ پہونچی خبر
کیا سام نے اس جہاں سے سفر
یہ سنکر ہوا شاد افراسیاب
کہ اب بخت بدخواہ آیا بخواب

خوشی سے وہ ہر روز نقارہ زد
نہ تھا لیکن اسکے کچھ اندوہ و درد
ادھر سے بھی نوذر یہ سنکر شتاب
ہوا عازم جنگ افراسیاب

کئے ساتھ نوذر کے مردان کار
سواران جنگی صد و چل ہزار
ملکزادہ نے نام سے پشنگ
کھایاں کر لئے شاہ فیروز جنگ

کروں میں نبرد دلیرانہ اب
کروں غارت ایران کا لشکر سب
مقابل ہوئیں جبکہ دونوں سپاہ
تو باہم ہوئے پہلوان کینہ خواہ

تھا اک تازیان گرد افراسیاب
بڑھا فوج سے لیکے نیزہ شتاب
ہوا آنکے میدان میں رزم جو
کھایوں کہ ہوتے تھے آرزو

کرے آنکے مجھسے اب کارزار
نہ تاجر کو راہ دے زینہار
پسر کاوہ کا قارن نامور
کہ سردار لشکر تھا با کرّ و فر

راوسے لیتے یہ بولا وہیں
کسے پہلوان جائیگا ہو کے گم کہیں
قباد اس جوانمرد کا نام تھا
نہ ہرگز طلبگار آرام تھا

لگا اسپ کو سوئے میدان گیا
ہوا تازیان سے نبرد آزما
دو اشتے پولاد کی ایک ضرب
جو کھائی تو دی جان بہنگام حرب

قباد دلاور ہوا کشتہ جب
وہ قارن دلیر و وہ پر غضب
سوئے تازیان لیکے آیا سپاہ
ہوا ساتھ بدخواہ کے رزمخواہ

پھر انبوہ دیکھا تو افراسیاب
کمک کو سپہ لیکے پہونچا شتاب
ہوا گرم بازار جنگ و نبرد
کسیکو کسی کا نہ تھا کچھ بھی درد

ہوا خون سے روئے زمیں لالہ زار
پھر اتنے میں رات شب ہوئی آشکار
سواران جنگ آور و کینہ خواہ
وہیں پھر گئے سوئے آرامگاہ

ہوا جبکہ رخشندہ پھر آفتاب
تو قارن پے جنگ افراسیاب
کیا باندھ کے آراستہ فوج کو
کہ کمر کستے تھے مردان پیکار جو

ادھر لشکر آراستہ توران زمین
سپہ لیکے آیا پے رزم کیں
ہوئے گرم پیکار جنگ آوران
قیامت ہوئی ایک برپا وہاں

سر و سینہ تھا وقف پیکان و تیغ
نہ جان کا تھا اپنی کسیکو دریغ
ہزاروں ہوئے کشتہ و خستہ وہاں
زمیں بنگئی سربسر گلستان

اور آخر فوج توران ہوئی چیرہ دست
دے اہل ایران کو پہونچی شکست
جہاندار نوذر نے دیکھا یہ جب
کہ لشکر ہوا بیدل و خیرہ اب

ہوا آپ تب عازم کارزار
پکارا یہ میدان میں تاجدار
کہ ہرگز نہیں اسمیں کچھ فائدہ
کہ کشتہ ہو ناحق یہ خلق خدا

رکھے ہے اگر غیرت افراسیاب
تو آکر مقابل ہو میرے شتاب
جسے نصرت و فتح دے کردگار
کرے بادشاہی وہ لیل و نہار

یہ سنکر وہ افراسیاب دلیر
ہوا آنکے رزم جو مثل شیر
ہوئے تیغزن دونوں طرف سے روان
ہوا کارسنج و بنوک سنان

بیاں کیجئے کیا جو حرب تھی
سناں پر سناں ضرب پر ضرب تھی
ستیزہ کناں ہو گئی شام پر
ہوا زخم کاری نہ کچھ کارگر

کہیں سے نوذر کے پیہم پر
گرا وقت پیکار تھا خاک پر
غرض رزم موقوف کر ہر دو شاہ
پھرے رزمگاہ سے سوئے خیمہ گاہ

کیا تھا نہ بدخواہ کے کچھ خیال
ولیکن جہاندار تھا پر ملال
ملازم کوئی شہ کی سرکار کا
وہاں سے وہ دیہیم لایا اٹھا

ہوا شاہ دلگیر و اندوہگین
سخن باپ کا یاد آیا وہیں
کہا تھا منوچہر نے یہ کہ ہاں
تجھے فوج ایران سے پہونچے زیاں

سران سپہ کو فراہم کیا
جہاندار نے تب یہ انسے کہا
کہ بدخواہ کی غالب آئی سپاہ
یہ سوچا کہ ہو کام اپنا تباہ

خیر اپنی آتی نہیں کچھ نظر
کہ لشکر ہے اپنا زبون سربسر
اگر بھاگ گئے تو کدھر جائیے
حفاظت کی اب جا کہاں پائیے

یقیں ہے کہ پھر دشمنان شریر
مجھے پلٹنے لیجائیں کرکے اسیر
یہ بہتر ہے کہ کشتہ ہوں میدان میں
سپاہوں میں اب زندہ رہنا نہیں

جدا ہووے تن سے مرا سر اگر
تو قائم رہے نیک نام پدر

دے اپنے بیٹوں کو رخصت کرو
بہانے سے سوئے پارس اب بھیجدو

وہ فرزند جو طوس و گستہم تھے
انہیں لیکے آغوش میں پیار سے

یہ سالار توران کو بھیجا پیام
کہ لشکر یہ تنگ آگیا ہے تمام

رہی جنگ موقوف دو روز تک
رہا لشکر آسودہ زیر فلک

سواران جنگی یمین و یسار
ہوا آمادہ گر قلب میں شہریار

ادھر تھا صف آرا وہ افراسیاب
ادھر ترکان چین سبکے تھے ہمرکاب

ہوا کشتہ شاپور میدان میں
پڑا تفرقہ فوج ایران میں

فراہم نہ آئندہ لشکر ہوا
نہ میدان میں تھم وہ نوذر رہا

رواں سوئے فارس ہوا تازیاں
گرفتار ہوں تا کہ شہزادگاں

ہوا جبکہ آگاہ افراسیاب
تو فوج اور بھیجی کہا کو شتاب

نکلکر ہوا سوئے وادی رواں
لئے پر سے کینہ تھا آسماں

سپہبد وہ بھی ہوا اگر بپر
ہوا آخرکار نوذر اسیر

بہ یک گردش چرخ بیداد گر
نہ نوذر رہا اور نہ وہ کروفر

ہوا بعد ازاں جلد افراسیاب
سپہ فریدون کا لینا حساب

ہوا تازیاں کشتہ ہنگام جنگ
گریزاں ہوئی فوج سب بیدرنگ

سپہران سپہ نے یہ سنکر کہا
کہ بغیر جنگ چارہ نہیں ہے شہا

کہ تخم فریدوں سے تا یکدو تن
رہیں زندہ اے سرور انجمن

کہا شاہ نے سوئے پارس رواں
ہوئے دیدۂ تار گوہر فشاں

لڑائی ہوئی دو روز کیسے درنگ
کہ تیسرے روز پھر ہم سے جنگ

غرض تیسرے روز وقت پگاہ
کیا سج کے میدان سپہ ایران کا شاہ

وہ شاپور و قارن سران سپاہ
ہوا پھر سپہبد وہ کینہ خواہ

یکایک ہوئے ترک چین چیرہ دست
سپہدار ایران کھائی شکست

وہ قارن بھی وہاں سے گریزاں ہوا
سوئے ملک پارس شتاباں ہوا

غرض شاہ نوذر ہوا قلعہ بند
مخالف نے گھیرا حصار بلند

ہوا سپہدار قارن نامدار
لگی ہونے باہم وہاں کارزار

جو کم رہ گئی فوج گرد حصار
تو پھر قلعہ سے نوذر نامدار

سپہدار توران یہ سنکر خبر
اٹھا قصد کو اسکے گیا زود تر

ہوا اسکے آگے گرفتار داں
ہزار و دو صد اور بھی پہلواں

جہاں میں جو حکمراں ہفت سال
پھر اقبال کا اسکے آیا زوال

سپہدار کو پھر یہ پہونچی خبر
کہ غالب ہے قارن نامور

ہوا بیتاب سنکے افراسیاب
بہت دل کو اسکے ہوا اضطراب

فرستادن افراسیاب خزروان و سماساس را بسمت سیستان و کشتن نوذر و اغریرث برا

سپہدار نے یہ ارادہ کیا
کہ ملک اب لیا چاہیے زال کا

خزروان سماساس نامی یلاں
گئے سنکے سالار فوج گراں

کمر کینہ خواہی پہ باندھی وہاں
زرہ پوش ہو کر لیا گرز کیں

لکھا شاہ مہراب نے زال کو
کہ [illegible]

مقابل ہوئی جب سپاہ عدو
تو باہم سپاہ ہوئے کینہ جو

شکستہ ہوا خزروان پہلواں
ولیکن نہ کچھ سر کو پہنچا زیاں

خزروان ہوا [illegible]
تو آیا سماساس پھر بیدرنگ

گریزاں ہوئی [illegible] سپاہ
پراگندہ لشکر ہوا [illegible]

ہوا [illegible] سنکے افراسیاب
کیا نوذر کو [illegible] شتاب

روانہ کئے پھر پئے کارزار
سواران جنگ آزما یکہزار

سنی زال نے جبکہ یہ سب خبر
کہ بدخواہ کا لشکر آیا ادھر

روانہ ہوا سیستاں سے شتاب
کہ تاخیر کی تھی نہ زنہار تاب

ہوئے پہلوانان کابلستان
رفیق سپہدار زابلستان

خزروان نے آکر عمود سپہر
یکایک چلایا سر زال پر

مگر [illegible] توڑا خزروان کا سر
زمیں اسکے خوں سے ہوئی تربتر

ولے جلد [illegible] ہوا زال جب
[illegible] سماساس میدان [illegible]

تعاقب کیا زال نے [illegible]
خزروان کے قتل [illegible]

[illegible] اسکے پارس [illegible]
[illegible] ساتھ اسکے سپاہ گراں

کیا قصد یہ کر کے وہ کینہ جو ۔ کہ لاؤں پکڑ طوس و گستہم کو
وہاں سے وہ دونوں گریزاں ہوئے ۔ طرف سیستاں کے شتاباں ہوئے

کیا پیشوا یہ خبر سن کے زال ۔ کیا اس نے اعزاز ان کا کمال
سمجھ کے انہیں سیستاں میں رکھا ۔ رکھو جمع خاطر یہ اس نے کہا

وہ قارن تھا ہمراہ شہزادگان ۔ سوا اسکے تھے اور بھی پہلواں
ہوا اسپہ شفقت کناں زال زر ۔ کیا لطف مصروف ہر ایک پر

جو نوذر کے پسر وہ تھے مہرباں ۔ سو آنے لگے ہر طرف سے وہاں
فراہم ہوئی پھر فراواں سپاہ ۔ جوانان رزم آور و کینہ خواہ

ہر اک وہ سلاح و زر و گنج وال ۔ کیا زال نے ایک فرخندہ فال
رکھا نامداراں کو تکریم سے ۔ کیا خرم و شاد و تعظیم سے

ولیکن یہی زال کو سوچ تھا ۔ کسے تاجور کیجئے ایران کا
ابھی طوس گستہم ناداں ہیں ۔ نہیں پادشاہی کے شایاں ہیں

نہیں ہیں کیانی جو ہوں تاج شاہ ۔ کہ لائق ہے زیبندہ تاج و کلاہ
جو شاہ زبردست پہنچے بہم ۔ سزاوار ہو جسکے تاج و علم

کہ کرتے بد اندیش کو پائمال ۔ ابھی ملک ایران سے کیجئے نکال
یہاں ایک تھا حاکم شہر کے ۔ سزاوار اورنگ شاہاں کے

بلند اقتدار و معلے جناب ۔ بڑا بھائی تھا جس کا افراسیاب
ملک زادہ اغریرث اسکا تھا نام ۔ جوانمرد و خوش خلق شیریں کلام

لے زال نے ایک نامہ لکھا ۔ بھیجوں فرخندہ مرقوم تھا
کہ جسنے بہت کی فراہم سپاہ ۔ ولیکن نہیں ہے کوئی پادشاہ

اگر کوئی پاشنگ تو اے نامدار ۔ تو اقلیم ایران کا ہو شہریار
تیری چاکری اہل ایراں کریں ۔ بیٹھے آگے کار نمایاں کریں

بد اندیش ہے وہ جو افراسیاب ۔ نکال اسکو ایران سے پھر دیجئے شتاب
روانہ ہوا پڑھکے اس نامہ کو ۔ سو زال اغریرث نام جو

گیا ہے سے زابل کو وہ نامور ۔ یہ چاہے تھا ہو عازم پیشتر
خبر سنکے اتنے میں افراسیاب ۔ سپاہ گراں لیکے پہونچا شتاب

ملک زادہ کے پاس اتنی سپاہ ۔ نہ تھی ساتھ اسکے جو ہو نبرد خواہ
کیا لاجرم پیش افراسیاب ۔ کہ پرخاش کی تھی نہ زنہار تاب

برادر نوازی کی تھی آرزو ۔ گیا بیخطر بھائی کے روبرو
ولیکن لگا کہنے افراسیاب ۔ طرح شعلے کے کھاکے لیں پیچ و تاب

کہے پر قناعت نہ کی تو نے پیر ۔ ہوئی تخت ایران کی تجکو ہوس
جو دشمن ہیں انسے موافق ہوا ۔ مرا تو جہاں میں منافق ہوا

دیا پانچ اسنے کہ اے تاجور ۔ خدا کے لئے تو نہ بہتان کر
مری تاب کیا جو کروں ہمسری ۔ نہیں عزم میں مجھکو بجز چاکری

جفا پیشہ تھا بسکہ وہ شہریار ۔ برادر نوازی نہ کی زینہار
رکھا جور و بیداد ناحق روا ۔ کہا تن سے بیچارے کا سر جدا

غرض سیستاں میں یہ پہنچی خبر ۔ ہوا کشتہ اغریرث نامور
یہ سنکر ہوا زال اندوہگیں ۔ زیادہ ہوا اور بھی دل حزیں

کیا نامداروں کو اسنے طلب ۔ کہا پیل پے کیں کمر باندھ اب
بدر ملک سے جسم کو کھینچئے ۔ سنا اس سے نوذر کا خون کیا

ولے چاہیئے شاہ والا نسب ۔ دلیر و جوانمرد و دانش پژوہ
شہنشاہ نوذر کے دونوں پسر ۔ نہیں دانش و عقل سے بہرہ ور

نہیں ہیں سزاوار تاج شہی ۔ نہیں لائق تخت فرماندہی
سوا انکے نسل فریدوں سے گر ۔ کوئی ہو تو مجھکو کرو تم خبر

کہ وہ وارث تخت ایران ہو ۔ شہنشاہ با شوکت و شان ہو
کیا زال نے جب بیاں یہ سخن ۔ تو کہنے لگے موبدان کہن

منوچہر کے ہاتھ سے تیغ جنگ ۔ ہوا کشتہ جب سلم تب بیدرنگ
ملک نامور طہماسپ کا ہے پسر ۔ فراری ہوا با دل پر خطر

تبر چشم کی جانب گریزاں ہوا ۔ وہاں خوف سے جا کے پنہاں ہوا
تو حق ہے پسر ایک طہماسپ کا ۔ جوانمرد دانشور و خوش لقا

ملک زادہ زو فراسن کا ہے نام ۔ سزاوار شاہی سے وہ زو ملک نام
سنا زال نے جبکہ یہ ماجرا ۔ تو بولا قارن نامور سے کہا

کہ لے آئے پھر لیسے زو کو یہاں

داستان آمدن ملک زادہ زو پسر

ہوا داخل القصہ تا بجاں

طہماسپ ہمراہ قارن طرف سیستان و جلوس بر تخت شاہی ایران

حضور ملک زادہ پہونچا جب / دیا زال کا اوسکو پیغام تب
کہا یوں کہ چلئے سو سیستان / تمہیں ہے اورنگ شاہی کا ز
خوشی سے وہیں ساتھ قارن کے ہو / طرف سیستان کے ہوا تیز رو
جب آیا خداوند تاج و سریر / ہوئے گرد سب اسکے فرمان پذیر
ہوا جلوہ گر تخت شاہی پہ وہ / ہوئی اک جہانکو خوشی نو بنو
سو ملک پارس وان کی سپاہ / ہوا ہم لایت میں پھر دخل شاہ
گیا شاہ پھر سوئے افراسیاب / لڑائی کی لایا نہ ہرگز وہ تاب
گیا بھاگ بدخواہ توران میں / تصرف ہوا شہ کا ایران میں
گیا خوار ہو کر جو پور پشنگ / نہ عزت ہوئی کچھ حضور پشنگ
پشنگ اس سے بولا کہ اے نابکار / نہ آئی تجھے کچھ شرم زینہار
ترا بھائی اغریرث نامور / مرے پاس حاضر ہوا آن کر
کیا تو نے ولے ہمکو ہلاک / خدا کا نہ ہرگز کیا خوف اک
روا تو نے رکھا برادر کا خون / کیا فوج ایران نے تجھ کو زبون
نہیں کام تیرا مرے روبرو / مرے سامنے سے ہو دفع تو
رہی پھر نہ کچھ قدر افراسیاب / ہوا ناگوارا اسکو آرام و خواب
جہاندار و خسرو دین پناہ / ہوا جبکہ ایران کا بادشاہ
کیا آسنے ہر روز و شب عدل و داد / جہان کو رکھا خوب آباد و شاد
پلے زال قارن و سب پہلوان / شب و روز تھے شاہ کے مدح خوان
جہاں میں باقبال و جاہ و جلال / رہا شاہ فرمانروا پنج سال
پھر آخر کو پہونچا پیام اجل / گئی جان قالب سے اسکی نکل

داستان نشستن گرشاسپ شاہ بر تخت و باز آمدن افراسیاب بہ تسخیر ایران

ہوا باپ کے بعد گرشاسپ شاہ / خداوند اورنگ و تاج و کلاہ
ولے تھا پژمردہ رای زال / کہ تھا بادشاہ جہان خورد سال
پشنگ دلاور کو پہونچی خبر / کہ اک طفل ایران کا ہے تاجور
پشنگ اپنے دلمیں لگا کہنے تب / کہ تسخیر ایران آسان ہے اب
بصد لطف تقصیر افراسیاب / معاف اس نے کرکے کہا یوں شتاب
کہ تا کشتی سوئے ایران کر / پئے کینہ خواہی تو باندھ اب کمر
سپاہ گران لیکے پور پشنگ / ہوا سوئے ایران رواں بہر جنگ
بزرگان ایران یہ سنکر خبر / گئے زال سے کہتے اے نامور
پھر آیا سپاہ لیکے افراسیاب / کیا چاہیئے اب تدارک شتاب
وہ بولا کہ میں تو ہوا حال خورد / ستمبر ہے کار جوانان گرد
مگر کس کے رستم کو اب سرگروہ / ادہر پہنچا ہوں میں صد شکوہ
یہ سنکر ہوئے شاد سب نامجو / کہا تھے اقبال اس بات کو
لگا کہنے رستم سے پھر زال زر / کہ حیران ہوں میں کیا کروں اے پسر
ہوا آپ ورزش دشوار کار / کہ بس سو گریزاں ہوا نا قرار
تو سکار آزمودہ نہیں اب تلک / کہ اے ناز پروردہ زیر فلک
تجھے کیونکہ بھیجوں لئے کارزار / سو شیر مردان جنگی سوار
تیری مصلحت سے کہا ہے تو کہہ شتاب / جو ہو تجھکو منظور دے جواب
غرض آزماتا تھا رستم کو زال / کہ ہو یا نہیں جنگ کا کچھ خیال
یہ بولا تہمتن کہ ہوں مرد رزم / کروں چہرہ بدخواہ کے ہے یہ عزم
بہا تن سے پر زور و دست ورا / نہیں کچھ فلک کا رہا آرام و ناز
کو جاؤں اگر آپ کو وقت جنگ / نہ ٹھہرے مرے آگے شیر و پلنگ
یہ گفتار سن خوش ہوا زال زر / دعا دی کہ باہم ہو تجھے ظفر
کہا پھر یہ رستم نے اے پہلوان / مجھے چاہیئے اسپ و گرز گران
حضور اسکے لائے دہ بخش پہ سام / تہمتن ہوا دیکھ کر شاد کام
دکھائے تہمتن کو پھر سپہر / دلاور کا تھا پہیئے جس قدر
رکھا پشت پہ ہاتھ جس پہلوان / وہ پشت بہ خم ہوگیا بس

ویے مادیاں ایک تھی سنو چنگ / لگا اسکے تھے جسم پر لاد رنگ
یہ چاہا کہ ڈالے کیانی کمند / کرے تا کہ اس گرد کو پائے بند
کہ مادر ہے کرے کی خونخوار تر / غضبناک اور مردم آزار تر
تہمتن نے آخر کو ڈالی کمند / سر رخش لایا وہیں زیر بند
یہ چاہے چبا دے تہمتن کا سر / کہ اتنے میں رستم بھی جوں شیر نر
غرض رخش تھا نام اُسکا ہی / توانا و زورآور و چست تھا
کیا زور اُس رخش نے اسقدر / کہ رستم کو بس لے چلا کھینچکر ..
کیا رخش کو زین تیار پھر سوار / بصد کامیابی یل نامدار
سپاہ گراں ساتھ و با شتاب / روانہ کیا سمت افراسیاب ..
گیا آپ بھی بعد دو روز کے / ملا جاکے بس رستم گرد سے ..
جو تجھسے کرے رزم کی آرزو / وہ کیا چیز ہے بس یہی دو بدو
سپاہ اُسکی تھی پر دل شاد کام / در افواج ایران تھی بیدل تمام
کوئی چاہیے بادشاہ دلیر / کہ یاں جسکی ہیبت ہو مانند شیر
نژاد فریدون سے کوئی اگر / کہیں ہو تو دو مجھکو آ کر خبر
فریدون نسب شاہ فرخ نہاد / دلیر و جوانمرد ہے کیقباد
پھر رستم سے بولا کہ اے نامور / تُو باندھ رخش کو زین کر
تمنا یہ رکھتے ہیں سب پہلواں / تو جلکے ہو بادشاہ جہان
وہ سنتے ہیں تو پہنچو واں تلک / زیادہ نہ ہو دیر زیر فلک

اور اسکا تھا اک بچہ پیلتن / ہوا دیکھ کر خوش یل صف شکن
لگا کہنے رستم سے پھر گلہ بان / کمند اپنی مت ڈال اے پہلوان
کئے اسنے ہیں تیز چند خون .. / مبادا تجھے بھی کرے سرنگون
غضبناک ہو کر وہیں پہلوان / دواں آئی مانند شیر ژیان
ہوا جبکہ میدان میں نعرہ زناں / تو ہیبت سے خیرہ ہوئی مادیاں
کمند اسکے سر پہ ہوئی جبکہ بند / لگا کھینچنے تب یل ارجمند
ولیکن تہمتن بھی پر زور تھا / بزور اسکو قابو میں اپنے رکھا
در گنج پھر زال نے وا کیا / تہمتن کو گنج زر و ل دیا
ولیکن ہوا مضطرب زال زر / نہ لایا وہ تاب فراق پسر
یہ کہتا تھا ہر روز افراسیاب / کہ رستم ہے کودک کہاں ہمکو تاب
ہوا زال بھی پیر و دیرینہ سال / نہیں تاب ہے تسخیر ایراں محال
یہ تھا زال کو سوچ شام و پگاہ / کہ نادان نہایت ہے گرشاسپ شاہ
روانہ کئے ہر طرف مردمان / کہا زال نے یوں ہر اک سے کہاں
کسی نے کہا آنکر یوں بیاں / کہ ہے کوہ البرز میں اک جواں
ہوا یہ خبر سنکے دل شاد زال / ہوا پند رستم کے آزاد زال
روانہ ہوا شتابی سو کیقباد / یہ کہہ چکے اے شاہ فرخ نہاد
مددگار دولت ہو یاور ہو بخت / مہیا ہے تجھکو وہاں تاج و تخت
یہ سنکر وہیں دو یل با شکوہ / روانہ ہوا سوئے البرز کوہ

روانہ کردن رستم را برائے طلب کیقباد بکوہ البرز و آمدن کیقباد و نشاندن زال کیقباد را بر تخت

اتر کوہ البرز سے کیقباد / کہیں آکے بیٹھا تھا مسرور شاد
لگا کہنے دل میں عجب ہو جوان / تماشا ہے رخش اور گرز گراں
کہ تنہا اسقدر تو سجا ایسا جواں / اتر کر وہ اسپ سے بیٹھا یاں
مگر اے جوانمرد فرخ نہاد / مجھے دے نشان شہ کیقباد
ترے ساتھ ایک مرد قابل کروں / سکتاں تک تجھے آگے نازل کروں
یہ بولا تہمتن کہ اے نامور / پدر میرا ہے پہلوان زال زر
جوانمرد ہے کیقباد اسکا نام / تو پا جسکے یہ اسکو پہونچا پیام

ہوا رستم گرد کا واں گزر / وہ شہزادہ حیران تھا دیکھکر
ہوا میل خاطر کہ ہو ہمنشیں .. / تہمتن کو آواز دی بس وہیں
مے و نقل یہ دیکھ طیار ہے / وہ بولا نہیں مجھکو درکار ہے
وہ کہنے لگا ہے کہ آ تو یہاں / تو اس نامور کا ابھی دو نشاں
لگا پوچھنے پھر کہ اے پہلواں / بتا جا کے کس نے یہ دی ہے نشاں
کہا [illegible] / [illegible] زادہ با شکوہ
کہ ہے پہلوانوں کی یہ آرزو / کہ [illegible] شاہ ایران رہے نامجو

یہ سنکر وہ بولا کہ میں ہوں گواہ
تجھے تخت ایراں مبارک مدام
دو باز سفید آئے ایران سے
ہوا اسطرف کو ترا اب گذر
ہے تجھے اور میرے باپ کو
غرض سے ایراں وہیں شاد شاد
یہ سرحد میں پہنچے جب ایرانکے
قلوں نے کیا نیزہ اسپر رواں
جو کشتہ قلوں دلاور ہوا
رہیں تھے نہاں دشت میں شام تک
اسے اسنے یک ہفتہ پنہاں رکھا
قباد دلاور کو باکر و فر
جو لشکر سے لشکر مقابل ہوا
ادہر سے سماساس آیا وہیں
وہیں زال سے رستم نوجواں
پکاروں کہ اب آگئے افراسیاب
تو پھر زہرہ شیر نر ہوئے آب
یہ کہکر گیا سوئے میدان دلیر
اسے دیکھکر مرد ہاں سے وہیں
کہ ہے پور زال اور رستم ہے نام
ارے طفل آیا جو تو بہر جنگ
تہمتن نے بھی گرز کو رکھ دیا
کمربند اسکا پکڑ کین سے
گیا ٹوٹ لیکن دوال کمر
ادھر سے بھی وہیں افرازان شاد
گریزاں ہوئے ترک سالار ترک
لگا کرنے فریاد لوں ابیت

پدر سے پدر نام رکھتا ہوں باج
ہمیشہ ترا بخت دولت مدام
سر تخت شاہی بٹھایا مجھے
بلطف خدا اے یل نامور
دو باز سفید اسکے یل نامجو
روانہ ہوئے رستم و کیقباد
ہوا سدِ راہ وہ بھی تب آنکے
کہ سینہ ہو رستم کا وقف سناں
گریزندہ یکدست لشکر ہوا
رواں شب کو ہوئے تھے زیر فلک
بشغل مے ناب شاداں کھڑا
سر تخت شاہی کیا جلوہ گر
سوئے رزم ہر ایک مائل ہوا
ہوا ساتھ قارن کے لشکر ہم کمیں
یہ بولا کہ اے پہلوان جہاں
مرے ساتھ ہو رزم جو تو شتاب
اگر سامنے آئے افراسیاب
ہوا نعرہ زن جا کے مانند شیر
لگا کہنے سالار ترکان چین
رکھی ہاتھ میں اپنے ہے گرز سام
تو کیا احتیاج سنان و خدنگ
ہوا بے براق اس سے جنگ آزما
اٹھا کر تہمتن نے بس زین پر
وہ جھٹ کر رہیں گر پڑا خاک پر
کمک کو تہمتن کے پہونچی سپاہ
ہوئی سر دگر گی ہا بار ترک
چلا ہی گو تھا مرا اپنے

تہمتن نے سر کو دیا پھر جھکا
تہمتن سے بولا یہ پھر نامور
دم صبح پھر باولِ شادماں
یہ کہکر وہاں نوش کی پھر شراب
بس اب اٹھئے تا سوئے ایران چلیں
قلون دلاور یل با وقار
تہمتن قلون کے مقابل ہوا
وہیں نیزہ رستم نے بس چھین کر
بصد شادمانی وہ دونوں جواں
غرض رفتہ رفتہ وہ پہونچے وہاں
ہوئے یکدل اتنے میں پیر و جواں
کیا قصد پھر سوئے افراسیاب
ادھر سے تو قارن یل نامدار
سماساس کا سر ہوا غرق خوں
مرے دلمیں ہے جاؤں میدان میں
کہ در قصد جنگ اس سے را ناپراں
تہمتن یہ بولا خطر کچھ نہیں
کہاں ہیں کہ اے ترک افراسیاب
بتاؤ کہ ہے کون یہ نوجواں
مقابل تہمتن سے زیادہ ترک
ذرا زور شیر پنجہ دکھلاؤں پھر
کیا ترک نے زور ہر چند پر
یہ چاہا کہ لیجائے شاد شاد
بس اتنے میں آپہونچے اسکے سوار
ہزار و صد و شصت جنگی جواں
اترا پا جیحوں سے پوشنگ
کہ ایرانیوں سے نہ کیجے مصاف

بجا شرط خدمت کی لاکر کہا
مجھے شب کو اک خواب آیا نظر
اتر کوہ سے آکے بیٹھا یہاں
کہی پھر یہ رستم نے تعبیر خواب
ترے سر پہ ہم تاج شاہی رکھیں
طرف سے تمہارا شتاب رادار
سوئے رزم جو خواہش مائل ہوا
قلون کے جو مارا وہیں سینہ پر
ہوئی پشت پر اسکی سناں رواں
یل نامور زال زر تھا جہاں
تو پھر زال نے روز ہشتم وہاں
ہوئے پہلوان شاد کے ہمرکاب
گیا سوئے میداں پئے کارزار
زمیں پر گرا اسپ سے سر نگوں
کروں خوار دشمن کو ایک آن میں
مقابل ہو اسکے یہ کس کی مجال
اسے اسپ سے لاؤں میں بر زمین
مقابل تو مجھسے ہو آکر شتاب
یہ سنکر کہا مرد ماں نے یہاں
زباں پر یہ گفتار لایا وہ ترک
ابھی باندھکر تجھکو لیجاؤں میں
رہا وہیں قائم یل نامور
شتابی حضور شہ کیقباد
ہوا گرم ہنگامہ کارزار
ہوئے کشتہ تا چند سو رستم کے ول
ہوا خستہ خاطر حضور پشنگ
مجھے رکھیے اسبات سے تو معاف

سنا کیقباد اب وہاں تاجدار
وہ ہے مرد جنگ آور و ہوشیار

بہت یوں تو ایرانیوں میں ہیں پہلواں
ولے نسل سے سام کے اک جواں

عجب صاحب زور پیدا ہوا
نہ ہم پنجہ شیر نر اسکا ہوا

بل و پلتن رستم اسکا ہے نام
زبوں اس سے ہے اپنا لشکر تمام

بیاں اسکی قوت کا میں کیا کروں
کہ لیں ورد اسکے چھوٹا دہیں

جدا کرکے یکبارگی زین سے
پکڑ لیجاتا تھا وہ کہیں سے

کمر بند پکڑا جو ٹوٹا وہیں
تو ہیں ہاتھ سے اسکے چھوٹا وہیں

ہوا سو ہوا اب نہیں اے پدر
ولے اب گذشتہ تو مت یاد کر

یہ ہے مصلحت آشتی ہو بہم
نہ ہوں کینہ جو کیقباد اور ہم

کہی یہ حقیقت جو پیش پشنگ
تو اک نامہ اسنے لکھا بدرنگ

کیا دیکے دبیرہ کو نامہ رواں
سو کیقباد شہ خسرواں

نوشتن نامہ صلح پشنگ والی توران بہ کیقباد

حضور جہاندار دلشہ گیا
سپہدار توراں کا نامہ دیا

پڑھا کرکے داشاہ نے سربسر
یہ اسمیں لکھا تھا کہ اے تاجور

اگر تور نے خون ایرج کیا
سو چہر نے اس کا بدلا لیا

ہوا پھر وہ ہر عازم افراسیاب
تحمل کی تھی اسکو ہرگز نہ تاب

کیا اس نے پاداش تو ترسے بس
نکالی غرض اپنے جی کی ہوس

ہوا پور طہماسپ پھر کینہ خواہ
کیا فوج توراں اسنے تباہ

بہت ہمدگر کینہ خواہی ہوئی
بہت فوج کی بس تباہی ہوئی

یہ بہتر ہے اب آشتی کیجیے
نہ کینے کو بس دلمیں راہ دیجیے

کہ ہم تم نہیں غیر کچھ زینہار
برادر ہیں یکجا ہی اے شہریار

موافق فریدوں کی تقسیم کے
رہینگے جدا اپنی اقلیم کے

کریں تازہ پیمان یہ تم استوار
نہ لشکر کشی پھر کریں زینہار

غرض آپ جیحوں رہے درمیاں
ادھر ہم ادھر تم رہو حکمراں

یہ پاسخ لکھا شاہ نے پھر وہیں
کہ ہرگز نہیں ہم سے آغاز کیں

ادھر سے ہوئی ابتدا ظلم کی
ولیکن خدا نے سزا تم کو دی

نہیں عہد و پیماں میں تم استوار
تمہاری نہیں بات کا اعتبار

سر نو اگر ہووے قول و قسم
تو ہوں صلح پر راضی البتہ ہم

لگا کہنے رستم کہ اے تاجدار
نہ کر صلح اور آشتی زینہار

کیا گرز نے میرے اسکو زبوں
ملایا عدو کو تہ خاک و خوں

یہ سنکر وہ شاہنشہ نامجو
طلب کرکے محراب اور زال کو

یہ بولا تمہارا جو ہو مشورہ
کرو مجھ کو آگاہ اس سے ذرا

یہ بولے وہ شاہ قوی چنگ سے
کہ ہے صلح بہتر شہا جنگ سے

غرض شاہ نے بانشاط و خوشی
سپہدار توراں سے کی آشتی

دیا رستم و زال کو گنج و زر
عنایت کئے خلعت پر گہر

کہا یوں کہ اے رستم نامجو
تیرے جسم کا ایک بھی تار مو

بصد ملک توراں نہ دوں بہا
کروں گا فزوں تیرا عز و وقار

شہ ہفت اقلیم نے بعد ازاں
روانہ کیئے جا بجا پہلواں

وہ لائے تصرف میں ملک وسیع
ہوئے شہ کے شاہان عالم مطیع

بہت نامداروں نے پھر شاد و شاں
نہ فرماں سے پھیرا سر انقیاد

بصد کامیابی و فتح و ظفر
گیا سوے پارس شہ دادگر

یہ داد و دہش شاہ نے کی وہاں
کہ اک خلق باخاطر شادماں

ہوئے مدح خواں شہ کیقباد
فریدوں کو ہرگز کیا پھر نہ یاد

رہا سو برس شاہ گیتی پناہ
جہانمیں خداوند تاج و کلاہ

یہ سوچا شہنشہ نے یکبارگی
کہ آخر ہوئی اپنی اب زندگی

شہ دادگر کے تھے فرزند چار
انہیں ایکدن شاہ فرخ تبار

طلب کرکے بولا کہ کاؤس کے
عزیزو تمہارا بڑا بھائی ہے

یہ ہوئے خداوند تاج و سریر
رہو تم شب و روز فرماں پذیر

معاون رہو اسکے شام و سحر
کہ فتنہ نہ برپا ہو بار دگر

سبھوں نے پذیرا کیا یہ سخن
بجا لائے فرمان شاہ زمن

وہ بولے کہ ہم اے شہ نامدار
اطاعت سے پھیریں نہ سر زینہار

کئی روز کے بعد پھر ناگہاں
ہوا سوئے ملک عدم شہ رواں

داستان جلوس کیکاؤس بر تخت سلطنت ایران

ہوے بند جب دیدہ کیقباد
لگا کرنے داد و دہش روز و شب
کہ آب و ہوا ہے بہت خوشگوار
کہ ہرگز نہیں اب جیسے بیل بزم
فریدون و ضحاک جمشید سے
یہ جی میں ہے کشورستانی کروں
یہ گفتار خاقان آفاق گیر
فریدون و جمشید عالی وقار
نہیں زور و قوت شہنشہان
وہ گرشاسپ گستہم طوس جوان
ہوے یکدل اسبات پر گرد سب
پہونچتے ہی نامہ کے وہ نامور
پہلان سے جہاندار کشورکشا
کہ سام اور رستم چلے شہ کے حضور
کہ سمجھا شہنشاہ یا داد و دین
شہنشاہ نے گفتار لطف و کرم
کہا اسنے پھر ذکر مازندران
کہا زال نے عرض اے نامور
فریدون جمشید نے پیشتر
کیا ناز رنج سوے مازندران
لگے کہنے پھر سب سران سپاہ
یہ پاسخ دیا شاہ نے زال کو
خدا ہے مرا یاور و دستگیر
تم اے زال اور رستم پہلوان
بدلسوزی اے شہ کشورکشا
معاون ہیں اسکا رہونگا مدام

تو پھر شاہ کاؤس فرخ نہاد
لگا رہنے مشغول عیش و طرب
سدا فصل گل ہے ہمیشہ بہار
ہوا دل طلبگار میدان رزم
نہیں کم ہے کچھ زور و قوت مجھے
ہر اک ملک میں حکمرانی کروں
ہوئے سنکے حیران امیر و وزیر
منوچہر شاہنشہ نامدار
نہ عازم ہوئے سوے مازندران
وگرو زر اور گیو نامی یلان
کیا چاہیئے زال کو یاں طلب
روانہ ہوا سیستاں سے ادہر
یہ بولا کہ اب جاؤ تم پیشوا
رکھیں شاہ کو اس ارادے سے دور
نہ دیکھا کہیں اور سنا ہے کہیں
کہیں پیش زال ستودہ شیم
یہ سنکر کہا شاہ نے یوں زبان
یہ سنکر خبر میں بھی آیا ادہر
کیا تھا ارادہ کہ جاویں ادہر
عذر تو بھی کر اے شہ خسروان
کہ ہم ہیں تیرے بندہ نیکخواہ
سکے اے گرد دانا و فرخندہ خو
کروں جاکے دیوونکو فرماں پذیر
طرف سے مری یاں رہو حکمراں
جو کچھ عرض کرنا تھا ہمنے کیا
مددگار یاور رہیں ہونگا مدام

خداوند اورنگ و افسر ہوا
ہوا ایک سازندہ خاطر وہاں
یہ سنکر کیا قصد مازندران
مبادا اگر ہوں میں آرام گیر
شفقت بھی لازم ہے انکی شہا
پہونچیں اب سوے مازندران
خطا ہر یہ بولے کہ ہے بات نیک
رکھیں خوب ہے یاد فسونگری
نہیں ہے مناسب عزیمت ادہر
وہاں تھے ولے تھی یہ طاقت کسے
وہیں زال کو ایک نامہ لکھا
یہ سنکر تعجب ہوا شاہ کو
ملے جاتے جب زال سے پہلوان
جب آے حضور شہ نامور
ہمیشہ تو شاہ جہانگیر ہو
وہیں رستم یل کی پہونچی خبر
ارادہ ہے میرا اس طرف سے درست
رکھوں تا کہ اس عزم سے تجھکو باز
سنا جبکہ ہے خانہ و بوسار
نہ تسخیر ہو زور و شمشیر سے
یہ ہے عرض اے شاہ عالیجناب
فریدوں سے افزوں ہے میرا حشم
طلسم اور افسونکو توڑوں تمام
لگا کہنے پھر شہ سے وہ نیکخواہ
مجھے کیجیے رخصت سوے سیستاں
غرض شاہ سے پھر سوے سیستان

جہاں پرور و عدل گستر ہوا
لگا کرنے تعریف مازندران
وزیروں سے بولا شہنشاہ جہان
تو برباد ہو ملک تاج و سریر
کہ قایم ہے افسر ملک و مال
کروں سکہ و خطبہ اپنا وہاں
ولے جی میں کہنے لگا یوں ہر ایک
اطاعت میں انکے تھے دیو و پری
کہ آتی نہیں کامیابی نظر
کہ غصہ کو رکھے باز اس بات سے
رقم اس میں احوال سارا کیا
کہ کیسا حکم آتا ہے کیونکر مجھے
یہ آکے کہا زال نے تب بیان
لگا کرنے تعریف شہ زال زر
ولایت ستاں تیری شمشیر ہو
وہ بولا دعا گو ہے شام و سحر
کمر ملک گیری پہ باندھی ہے چست
ذرا سوچ اے خسرو سرفراز
طلسم اور جادو وہاں بیشمار
نہ فائدہ آئے افسون تدبیر سے
نہیں یہ ارادہ قرین صواب
منوچہر و جم سے نہیں ہوں میں کم
سر دیوسگالاں کو توڑوں تمام
کہ ہیں تجھ سے سام اور تو بادشاہ
مرخص ہوا پہلوان جہاں
مرخص ہوا پہلوان جہاں

رفتن کاؤس برائے تسخیر مازندران و گرفتار شدن بدست دیوان

یل نامور ایک میلاد تھا
اسے شاد کا جن نے یوں کہا
کہ سوتا تھا جسے بنے اپنی خوابگاہ
کوئی آکے جو تجھسے ہو کینہ خواہ

تو پھر زال رستم کو بھیجو خبر
ہماون تیرے ہونگے وہ آنکر
یہ کہکر جہاندار کشورستان
روانہ ہوا سوئے مازندران

گیا لیکے واں لشکر بیشمار
بلان جہانگیر جنگی سوار
یہ فرمان شاہنشہ نامور
گیا گیو لشکر کو لے پیشتر

جب آئی حد ملک مازندران
تو پہروانے وہ جنگجو پہلوان
زراعت کو یکسر جلاتا گیا
مکاں خاک میں سب ملاتا گیا

ہوا سامنے جو بعزم ستیز
تو کھینچا اسے بس تہ تیغ تیز
گیا تا در شہر غارت کناں
بہت مال و زر ہاتھ آیا وہاں

گلستاں سے وہ شہر یکسر تھا
زن و مرد خوش منظر و خوش لقا
ہوا شاہ مازندراں قلعہ بند
کہ غالب تھی فوج شہ ارجمند

روانہ کیا ہو کے پھر نا امید
کسی دیو کو سوے دیو سپید
کہا یوں کہ اب جان سے تنگ ہوں
کیا شاہ ایراں نے مجھکو زبوں

شتابی مدد کر تو اے اہرمن
دگر نہ جانبر ہو یاں ایک تن
یہ سنکر شتاباں ہوا نابکار
وہ لایا بہت لشکر دیو سار

ہوا شاہ سے آنکر کینہ خواہ
ہوئی قتل پر انکی ساری سپاہ
ہوئے گیو اور شاہ کاؤس بھی
وہ گودرز و گستہم اور طوس بھی

گرفتار چنگال دیواں ہوئے
پراگندہ دل اور حیران ہوئے
کہا جب یہ ارژنگ نے شاہ سے
کہ تم خوش ہوئے اس طرف آنکے

ہوا اس مکاں کی خوشی آپکی تھی
قضا ہی گلستاں کی بھائی تمہیں
یہ سنکر کہا شاہ نے دیو سے
کہ آگاہ نہ تھا بلکے میں بوسے

